Est. 1939 ABC CERTIFIED
بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان | بلوچستان کا قدیم ترین اردو روزنامہ
روزنامہ
نعرۂ حق
Daily Nara-e-Haq Quetta
کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر: 706
چیف ایڈیٹر: عصمت اللہ کاکڑ
Daily.naraehaq@gmail.com
جلد نمبر 84 | 14 جمادی الاول 1448 | پیر 26 اکتوبر 2026 | قیمت 6 روپے | شمارہ نمبر 213

وزیراعظم شہباز شریف کا دو سال میں 5 لاکھ طلبہ کو کروم بکس فراہم کرنے کا اعلان

حکومت نوجوانوں کو جدید تعلیم اور ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی تاکہ وہ مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں، شہباز شریف

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک بھر کے سرکاری اسکولوں اور دینی مدارس کے پانچ لاکھ ہونہار طلبہ و طالبات کو کروم بکس فراہم کرنے کے پروگرام کا اجرا کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ یہ جدید ڈیجیٹل آلات آئندہ دو سال کے دوران طلبہ تک پہنچائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کو جدید تعلیم اور ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی تاکہ وہ مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں۔ اسلام آباد کے کنونشن سینٹر میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ وسائل فراہم کرنے کی تاکہ وہ مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں۔ اسلام آباد کے کنونشن سینٹر میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ وہ مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں۔ اسلام آباد کے کنونشن سینٹر میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 2

وانی فائی ڈیوائسز بھی دی جارہی ہیں، جن کی مدد سے وہ گھروں میں بیٹھ کر اپنی لائبریریوں اور دنیا بھر میں دستیاب تعلیمی وسائل سے استفادہ کر سکیں

وزیراعظم نے کہا کہ کروم بکس کی تقسیم میں صرف میرٹ، محنت اور قابلیت کو بنیاد بنایا گیا ہے۔ اس پروگرام کے تحت طلبا، اساتذہ، طالبات کو کروم بکس کے ساتھ ہیڈز اور الیکٹرک کی سہولت فراہم کرنے والی

کوئٹہ کراچی روٹ پر مزید 4 مسافر کوچ اغوا

قلات کے قریب مسافر کوچ کو مسلح افراد اپنے ہمراہ لے گئے، ٹرانسپورٹرز کا شدید ردعمل

کوئٹہ (پ ر ا ے) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایسوسی ایشن اور معروف ٹرانسپورٹر پیر جاگی شکت لہڑی، جاگی میر دولت لہڑی، ایسوسی ایشن کے صدر حاجی حبیب اللہ بادینی، جنرل سیکرٹری میر اکبر لہڑی، نائب صدر حاجی مٹھی جان اچکزئی اور دیگر نے قلات کے قریب کوئٹہ سے کراچی جانے والی چار مسافر کوچ کو مبینہ طور پر نامعلوم مسلح افراد کی جانب

بقیہ نمبر 41 صفحہ نمبر 3

اسحاق ڈار کا چین میں ٹرالے سے ہونے والے جانی و مالی نقصان پر افسوس کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے چین میں شدید ٹرالے کے نتیجے میں ہونے والے جانی و مالی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ نتے کو

بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 3

سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں کارروائیاں، فتنہ الخوارج کا دہشتگرد کمانڈر ہلاک

دہشتگرد کمانڈر ہلاک شاہ عرف درویش دسمبر 2020 سے فتنہ الخوارج سے وابستہ تھا، مالی معاملات کی نگرانی کرتا تھا

آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج کا دہشت گرد کمانڈر عادل شاہ عرف درویش ہلاک ہوگیا۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ عادل شاہ دسمبر 2020 سے فتنہ الخوارج

بقیہ نمبر 40 صفحہ نمبر 3

ضلع سیف اللہ (این این آئی) بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے 3 دہشتگرد ہلاک کردیے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ضلع سیف اللہ میں کارروائیوں کے دوران دہشتگرد کمانڈر مارا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق قلعہ سیف اللہ میں



اسلام آباد میں وزیراعظم شہباز شریف پاکستان کے ہونہار طلبہ کیلئے 500,000 کروم بکس اور مائی فائی ڈیوائسز اسکیم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

دہشتگرد بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کے دشمن ہیں، شہباز شریف

عزم استحکام کے تحت دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں پوری رفتار سے جاری رہیں گی، غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے غیر متزلزل عزم میں مجھ سمیت پوری قوم ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

اپنے بیان میں وزیراعظم نے گوادر میں دہشتگردی کی کارروائیوں کی کوشش ناکام بنانے پر 21 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کے افسران و جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی۔ وزیراعظم نے دہشتگردوں کے حملے کے دوران ایک شہری کی شہادت پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کیا

عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ اپنے بیان میں وزیراعظم نے گوادر میں دہشتگردی کی کارروائیوں کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 10 افسران و جوانوں کی پُرجرأت قیادت پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کے افسران اور جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی۔ وزیراعظم نے دہشتگردوں کے حملے کے دوران ایک شہری کی شہادت پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے شہید کی بلندی درجات اور اہل

بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 3

صوبے میں بیوروکریسی کے تحفظات دور کرنے کیلئے ڈویژنز اور اضلاع بنانے کی بھی ضرورت ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

محکمہ مواصلات و تعمیرات خوراک قیمتی مصنوعات پر عمل درآمد کرا رہا ہے تاکہ شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے، حکومت کی کوشش ہے کہ رشوتی کو ایسا مثالی ڈویژن بنایا جائے، میر سرفراز بگٹی

شمالی ڈیرہ بگٹی (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ کوہ سلیمان ڈویژن کی تمام ڈویژنل پوسٹوں کی منظوری دے دی گئی ہے اور

بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 3

ان پر اضراب و محنے کی تعیناتی بہت جلد عمل میں لائی جائے گی۔ بلوچستان میں عوام کو ان کی دہلیز پر سرکاری خدمات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے

چھوٹے انتظامی یونٹس کا قیام ناگزیر ہے، صوبے میں نئے صوبوں کے ساتھ چھوٹے ڈویژنز

وزیراعظم شہباز شریف کا دو سال میں 5 لاکھ طلبہ کو کروم بکس فراہم کرنے کا اعلان

میرٹ اور قابلیت کی بنیاد پر کروم بکس، انٹرنیٹ ڈیوائسز اور بیگز کی فراہمی شروع

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک بھر کے سرکاری اسکولوں اور دینی مدارس کے پانچ لاکھ ہونہار طلبہ و طالبات کو کروم بکس فراہم کرنے کے پروگرام کا اجرا کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ یہ جدید ڈیجیٹل آلات آئندہ دو سال کے دوران طلبہ تک پہنچائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کو جدید تعلیم اور ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی تاکہ وہ مستقبل کے تقاضوں

بقیہ نمبر 31 صفحہ نمبر 3

صدر زرداری کا چین کے خوفناک حادثے کا شکار ہونے والے ٹرالے سے جانی نقصان پر افسوس کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے چین کے خوفناک حادثے کا شکار ہونے والے ٹرالے سے جانی نقصان پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ صدر

Daily Nara-e-Haq
روزنامہ نعرۂ حق
ABC
حق و صداقت کی آواز
عصمت اللہ کاکڑ نے الکریم پرنٹرز کوارٹی روڈ زرد چلڑن ہسپتال سے چھپوا کر بیورو آفس سے شائع کیا۔
موبائل 03214556 0

گندم بحران اور مستقل زرعی پالیسی کی ضرورت

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے گندم کی قیمت 4500 روپے فی من مقرر کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس فیصلے سے کسانوں کو ریلیف ملے گا اور زرعی شعبے کو استحکام حاصل ہوگا۔ حکومت کا مقصد کاشتکاروں کو ان کی محنت کا مناسب معاوضہ فراہم کرنا اور گندم کی پیداوار میں اضافے کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ وزیراعظم کے مطابق، کسان ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور ان کے مفادات کا تحفظ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

گندم کی نئی قیمت سے کاشتکاروں کو پیداواری اخراجات پورے کرنے میں مدد ملنے کی توقع ہے۔ دریں اثنا، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے آٹے کی قیمتوں اور دستیابی کے حوالے سے اہم ہدایات جاری کرتے ہوئے 20 کلو آٹے کے تھیلے کی فروخت پر پابندی اور صرف 10 کلو کے پیک فروخت کرنے کی اجازت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ کے مطابق حکومت عوام کو مناسب قیمت پر آٹے کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ متعلقہ اداروں کو ذخیرہ اندوزی، ناجائز منافع خوری اور غیر قانونی نقل وحمل کی روک تھام کے لیے موثر نگرانی کی ہدایات دی گئی ہیں۔ پاکستان بنیادی طور پر ایک زرعی ملک ہے، لیکن المیہ یہ ہے کہ ہمیں خوراک کے حوالے سے ان مسائل کا سامنا ہے جو عموماً ایسے ممالک کو درپیش ہوتے ہیں جہاں زراعت کا نام ونشان تک نہیں ہوتا۔ وسیع زرعی رقبے، محنتی کسانوں اور قدرتی وسائل کی موجودگی کے باوجود ہم آج تک کوئی ایسی جامع اور مستقل زرعی پالیسی تشکیل نہیں دے سکے جس کے ذریعے گندم اور دیگر بنیادی غذائی اجناس کی پیداوار، دستیابی اور قیمتوں کے مسائل مستقل بنیادوں پر حل کیے جاسکیں۔ ہر سال بلکہ بعض اوقات چند ماہ بعد ہی حکومت کو کبھی گندم برآمد کرنے اور کبھی درآمد کرنے کی ضرورت پیش آجاتی ہے۔ ایک وقت میں بتایا جاتا ہے کہ ملک میں گندم کے وافر ذخائر موجود ہیں، لہٰذا اسے بیرونِ ملک فروخت کردیا جائے، لیکن کچھ ہی عرصے بعد قلت کا شور مچ جاتا ہے اور ہنگامی بنیادوں پر گندم درآمد کرنے کے فیصلے ہونے لگتے ہیں۔ اس پورے عمل کا ایک تشویش ناک پہلو یہ بھی ہے کہ گندم کی درآمد وبرآمد اور قیمتوں کے اتار چڑھاؤ سے بعض کاروباری حلقوں اور عام صارف کو اداکرنا پڑتی ہے۔ بعض بااثر کاروباری مفادات کو سیاسی اور انتظامی حلقوں میں اثر ورسوخ حاصل ہے جس کے باعث ان کے مفادات کے خلاف موثر کارروائی نہیں ہو پاتی۔ یہ صورتحال محض معاشی بدانتظامی نہیں بلکہ قومی غذائی تحفظ اور ریاستی استحکام کے لیے بھی ایک سنگین چیلنج ہے۔ حکومت کسی بھی سیاسی جماعت کی ہو، گندم کی قیمت بڑھانے یا آٹے کے تھیلوں کا وزن تبدیل کرنے جیسے وقتی اقدامات کو مستقل حل قرار نہیں دیا جاسکتا۔ کسان کو اس کی محنت کا جائز معاوضہ ملنا چاہیے، لیکن اس کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ عام شہری کو مناسب قیمت پر آٹا دستیاب ہو۔ اگر ایک طرف کسان پیداواری اخراجات سے پریشان ہو اور دوسری طرف صارف مہنگے آٹے کی وجہ سے مشکلات کا شکار ہو تو ایسی پالیسی کو کامیاب نہیں کہا جاسکتا۔ اسی طرح 20 کلو کے تھیلے پر پابندی اور 10 کلو کے پیک کی اجازت دینے سے بنیادی مسئلہ حل نہیں ہوگا، جب تک گندم کی خریداری، ذخیرہ اندوزی، ترسیل اور قیمتوں کے تعین کا نظام شفاف نہیں بنایا جاتا۔ ضرورت اس امر کی ہے

دوسری ٹانگ کا خوف

میں 17 سال سے سنگاپور میں رہ رہا ہوں، ان تمام سالوں کے دوران مجھے ہمیشہ یہی محسوس ہوا جیسے میری ایک ٹانگ مستقلاً جیل میں ہے... کئی سال قبل سنگاپور میں ایک جرمن کاروباری شناسا سے یہ الفاظ سنے تو ہم چونک سے گئے۔ حیرت سے پوچھا، کیا مطلب؟ بولے: سنگاپور

محمود رسول

میں قانون اور قانون کا نفاذ اس قدر مضبوط اور تیز ہے کہ ادھر آپ نے کوئی قانون توڑا، ادھر آپ دھر لیے گئے۔ اسے سنگاپور کی خوبی سمجھ لیں یا فرسٹ ورلڈ کے سنگاپور میں سکونت کی قیمت، آپ کو اپنی دوسری ٹانگ جیل میں دھرے جانے کا خوف اور احساس ہر آن قانون شکنی سے باز رکھتا ہے۔ قانون کی سانس آپ کو ہر وقت اپنی گردن پر محسوس ہوتی ہے۔ دنیا بھر کے مشاہدے اور مطالعے سے یہی جانا کہ جب قانون مضبوط اور سب کے لیے یکساں ہو اور اس کا نفاذ بھی تیز اور ہر خاص وعام پر یکساں ہو تو ریاست کا نظام مضبوط اور پائیدار رہتا ہے۔ لیکن اگر قانون کمزور اور اس کا نفاذ یکساں نہ ہو تو معاشرے میں پیسہ اور طاقت رکھنے والے منہ زور اور کمزور خوار ہونے لگتے ہیں۔ سالہا سال یہ چلن رائج رہے تو طاقتور کو قانون کا خوف رہتا ہے نہ نفاذ کا کوئی دھڑکا۔ کمزور سامنے پاکر طاقت کا وحشیانہ پن خودکار فوارے کی طرح پھوٹ پڑتا ہے۔ دور کیا جانا اس ہفتے رونما ہونے والے واقعات یہ زمینی حقیقت یاد ہر لاکھ روپے ایک ایجنٹ کے ہاتھ سونپنے کے بعد جانا کہ جھوٹ تھا جو سنا، فراڈ تھا جو دیکھا۔ کرنے والے کو معاشرے میں قانون اور نفاذ کی حقیقت خوب معلوم تھی، ایک پسماندہ معصوم لڑکی شاطر ملزم کا کیا بگاڑ لیتی! دھڑلے سے جعلی داخلہ لیٹر و کاغذات بنائے اور کمزور کو شکار کیا۔ قانون اور اس کے نفاذ کا ملزم نہ ان کو ادنیٰ سا بھی ڈر ہوتا تو وہ یہ جرأت کرنے سے پہلے اپنی دوسری ٹانگ قبل دیکھتا۔ لاہور میں دو روز قبل اسکوٹی سوار لڑکی کے اوور ٹیک کرنے پر ایک موٹر سائیکل سوار کی آنکھوں میں دہشت اتر آئی، چہرہ خوف وہراس سے زرد پڑ گیا اور سوار کی سانسیں تیز ہوگئیں۔ دہشت اتر آئی، چہرہ خوف وہراس سے زرد پڑ گیا اور سوار خاتون پر حملہ آور ہوا۔ تشدد سے خاتون کی ناک کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ پولیس نے گرفتار کیا تو خاتون پر تشدد کا ڈھٹائی سے عذر تراشا، اس نے ہیلمٹ پہن رکھا تھا، اس لیے معلوم نہ ہوا کہ خاتون ہے۔ پٹنے کے سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر تو قہر نذیر کو قانون اور نظام کا ادنیٰ سا بھی ڈر ہوتا تو وہ یہ جرأت کرنے سے پہلے اپنی دوسری ٹانگ کی طرف دیکھتا۔ چند روز قبل اسلام آباد میں ایک یونیورسٹی کی گولڈ میڈلسٹ لڑکی لاپتہ کی خودکشی نے سوشل میڈیا پر ہیجان برپا کردیا۔ ہاروڈ یونیورسٹی میں داخلے کے جنون میں کیا جانا اس بفتے رونما ہونے والے واقعات یہ زمینی حقیقت یاد کرانے کے لیے کافی ہیں۔ ملتان میں 15 سالہ وسیم عباس جو تیسری اور بے گھری کی زندگی کا عذاب سہہ رہا تھا۔ منہ زور اور طاقت کے نشے میں دھت شکیدار تو قہر نذیر کے گھر ملازمت کے دوران تشدد اور جبر سے گھبرا کا فرار ہونے کا ''جرم'' کر بیٹھا تو وہ اپنے ایک ساتھی کے ہمراہ گاڑی میں اس کے قتل کے لیے نکلا۔ سیکیورٹی کیمروں کی آنکھ نے وہ سارا منظر ریکارڈ کرکے دکھایا کہ کس طرح ایک طاقتور نے ایک کمزور کو گاڑی تلے روند ڈالا۔ بھلا ہو ان محکمے داروں کا کہ انھوں نے ملزم کو قابو کیے رکھا، پولیس کے حوالے کیا اور وقوع کی ویڈیو بھی ہر کی۔ سوشل میڈیا پر شور مچا، عوام سراپا احتجاج ہوئے۔ ملزم کا جسمانی ریمانڈ لیا گیا، اور پھر چوبیس گھنٹے میں برسرِ اسرار طور پر ملزم ''فرار'' ہونے کی کوشش میں ساتھیوں کی گولی کا شکار ہو گیا۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر تو قہر نذیر کو قانون اور نظام کا ادنیٰ سا بھی ڈر ہوتا تو وہ یہ جرأت کرنے سے پہلے اپنی دوسری ٹانگ کی طرف دیکھتا۔ چند روز قبل اسلام آباد میں ایک یونیورسٹی کی گولڈ میڈلسٹ لڑکی لاپتہ کی خودکشی نے سوشل میڈیا پر ہیجان برپا کردیا۔ ہاروڈ یونیورسٹی میں داخلے کے جنون میں کیا جانا اس بفتے رونما ہونے والے واقعات یہ زمینی حقیقت یاد دل

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 1

انسداد دہشت گردی کی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی، ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔اپنے بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے گوادر میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے حملے کو ناکام بنانے اور دس دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے امن واستحکام کے خلاف سازشیں صوبے کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کے عزم کو متزلزل نہیں کرسکتیں۔صدر زرداری نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے حقوق اور مفادات کے تحفظ کے لیے امن کا قیام ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچ خواتین کے وقار کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا قابل مذمت ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے گوادر میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کے افسران و جوانوں کی پزیرائی کی۔ وزیراعظم نے گوادر میں دہشتگردی کی کارروائیوں کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 10 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کے افسران و جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی۔ وزیراعظم نے دہشتگردوں کے حملے کے دوران ایک شہری کی شہادت پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے شہید کی بلندی درجات اور اہل خانہ کیلئے صبر کی دعا کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کے فرض شناس و بہادر افسران اور جوانوں نے گوادر شہر اور گبد بارڈر کراسنگ کے اطراف دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنا دیے۔ شہباز شریف نے کہا کہ دہشتگرد، بلوچستان کے عوام کی ترقی وخوشحالی کے دشمن ہیں، فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عزم استحکام کے تحت دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں پوری رفتار سے جاری رہیں گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ غیرملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے غیر متزلزل عزم میں مجھ سمیت پوری قوم انکے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔اپنے بیان میں وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے گوادر میں تعمیراتی کمپنی کے خالی کیمپ پر فتنہ الہندوستان کا حملہ ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ۔ وفاقی وزیرداخلہ نے 7 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور عزم کو سراہا۔ محسن نقوی نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے والے سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر ناز ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ بلوچستان کی تعمیر وترقی میں رکاوٹ ڈالنے والے دہشت گردوں کا انجام عبرتناک موت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 2

گردی کا خاتمہ کرنا ہی ترجیح ہے، دہشت گردی کو ختم کیے بغیر لوگوں کی زندگی کو بہتر نہیں کیا جاسکتا، دہشت گردی کے خلاف پوری قوم کو متحد ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا سے دہشت گردی کا قلع قمع کیا جائے گا، گورنر کے پی نے 160 ارب روپے کا تقاضہ کیا، جس کی وزیراعظم نے فوری منظوری دی۔رانا ثنااللہ نے یہ بھی کہا کہ اس وقت 28ویں ترمیم پر کوئی بات نہیں ہوئی اور نہ کوئی مسودہ سامنے آیا ہے۔

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 3

ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم نے متاثرہ خاندانوں سے تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں پاکستان اپنے برادر ملک چین کی حکومت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا بھی کی۔

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 4

وزرائے اعلیٰ پنجاب وسندھ کی مشاورت وتعاون شامل حال رہا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملکی زرعی شعبے کے فروغ، کسانوں کے معاشی مفادات کے تحفظ اور آئندہ سال گندم کی پیداوار میں اضافے کیلئے بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے 2027 کی گندم کی مجوزہ قیمت 4500 روپے فی من مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے، گزشتہ سال گندم کی قیمت 3500 روپے فی من مقرر تھی جس کے مقابلے میں نئی قیمت میں 1,000 روپے فی من اضافہ کیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے اس فیصلے کیلئے مشاورتی عمل میں تعاون اور قابل قدر تجاویز پیش کرنے پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا خصوصی شکریہ اور ان کے اس مشاورتی عمل میں کردار کی تعریف کی۔ وزیراعظم نے وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کے تعاون پر بھی اظہار تشکر کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت کی جانب سے گندم کی مجوزہ قیمت میں اضافے کا مقصد کسانوں کو بڑھتی ہوئی پیداواری لاگت، پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے اور مہنگائی کے دباؤ سے ریلیف فراہم کرنا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ کسانوں کو گندم کی کاشت کے لیے مؤثر ترغیب دینا فیصلے کے اولین مقاصد میں شامل ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ توقع ہے کہ نئی مجوزہ قیمت سے کسانوں کو اپنی پیداواری لاگت پوری کرنے اور مناسب منافع حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ گزشتہ برسوں کے دوران کسانوں کو مہنگائی اور زرعی اخراجات میں اضافے کے باعث مالی مشکلات کا سامنا رہا، جبکہ پاکستان کو گزشتہ دو برسوں میں گندم کی درآمد بھی کرنا پڑی۔ شہباز شریف نے کہا کہ گندم کی مجوزہ قیمت میں اضافہ کا کلیدی فیصلہ ملکی غذائی تحفظ کو مضبوط بنانے، مقامی پیداوار کی حوصلہ افزائی اور زرعی شعبے میں استحکام کے لیے اہم پیش رفت ثابت ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت کو توقع ہے کہ مجوزہ قیمت کے تعین سے کاشتکار گندم کی کاشت میں زیادہ دلچسپی لیں گے، جس کے نتیجے میں آئندہ سیزن میں گندم کی بھرپور بوائی اور ملکی پیداوار میں اضافے کے امکانات روشن ہوں گے۔ وزیراعظم نے یہ اقدام کسانوں کی معاشی بہتری، زرعی معیشت کے استحکام اور ملک کو غذائی ضروریات کے ضمن میں زیادہ خودکفیل بنانے کی کوششوں میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ توقع ہے کہ سال 2027 پاکستان کے زرعی شعبے اور کسانوں کی خوشحالی کے لیے مثبت نتائج کا حامل ہوگا۔

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 5

خانہ کیلئے صبر کی دعا کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کے فرض شناس و بہادر افسران اور جوانوں نے گوادر شہر اور گبد بارڈر کراسنگ کے اطراف دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنا دیے۔ شہباز شریف نے کہا کہ دہشتگرد، بلوچستان کے عوام کی ترقی و خوشحالی کے دشمن ہیں، فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد اپنے مذموم عزائم میں بھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ وزیراعظم نے بتایا کہ عزم استحکام کے تحت دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں پوری رفتار سے جاری رہیں گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ غیرملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے غیر متزلزل عزم میں مجھ سمیت پوری قوم انکے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 6

ہیں، میں وہاں جانے کے لیے تیار ہوں۔ اپوزیشن کے دفتر میں آئیں، میرے ساتھ چائے پئیں، مجھے دعوت دیں، جہاں مذاکرات کرنے ہیں میں چلا جاؤں گا۔ یا میں وزیراعظم ہاؤس جاکر انہیں دعوت دیتا ہوں کہ آئیں مذاکرات کریں۔ لیکن مذاکرات اس طرح نہیں ہوں گے جس طرح آپ نے مولانا فضل الرحمان، تحریک انصاف، اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے اکابرین کا مذاق اڑایا ہے۔ ان لوگوں نے تقاریر کیں، اپنے نمائندوں کے نام دیے، اور آپ نے سب کے نام کاٹ دیے۔ کیا یہ حوالداری ہے؟ یہ اختیار تمہیں کس نے دیا ہے؟ تم ہوتے کون ہو ہمارا ریکارڈ کاٹنے والے؟ کنڈکٹ تو قواعد، آئین اور قانون دیکھیں گے۔ یہاں ہر شخص غیر جمہوری قوتوں کا ترجمان بن جاتا ہے۔ آج تحریک انصاف پر برا وقت ہے، میں (محمود اور یہ علامہ راجہ ناصر عباس) ہمارا یہ خدا سے بھی وعدہ ہے اور آپ سب سے بھی کہ ہم اس غیر جمہوری نظام کے خلاف گلی کوچوں میں جمہوری انداز میں لڑیں گے۔ ہم کسی کو گالی نہیں دیں گے، ہم بار بار حرم میں جائیں گے اور وکیلوں سے بات کریں گے۔ ہر وہ پاکستانی جو اس ملک کو بچانا چاہتا ہے، جو چاہتا ہے کہ پاکستان ایک جمہوری ملک ہو، جس میں ووٹ کی عزت ہو، ایک طاقتور پارلیمنٹ ہو، اور ہر ادارہ اپنے دائرہ کار میں رہے، اس پر فرض ہے کہ اس غیر جمہوری نظام کے خلاف صف بندی کرے۔ ورنہ یہ پاکستان کو کہیں کا نہیں چھوڑیں گے، ہم انہیں پاکستان توڑنے نہیں دیں گے۔ یہ پاکستان توڑنے کا راستہ ہے کہ آپ نے چار کروڑ عوام کے وزیراعلیٰ اور متعدد اراکین اسمبلی کو غائب کیا ہوا ہے۔ کیا یہ تمہاری حکمرانی ہے؟ دنیا میں کہیں ایسا نہیں ہوتا۔ اگر آپ پرانے آمرانہ راستوں پر جارہے ہیں، تو یاد رکھیں کہ یہ بربادی کا راستہ ہے۔ اس راستے پر چل کر آپ نے ملک کو دنیا بھر میں فقیر بنادیا ہے۔ ہم اس راستے کو جمہوری انداز میں روکیں گے، کیونکہ یہ ہمارا ملک ہے۔ قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے کہا کہ جب اسمبلیاں چلتی ہیں تو وہاں رولز اور ریگولیشنز ہوتے ہیں اور انہی رولز کے تحت لوگ تقریر کرتے ہیں۔ آئین یہ کہتا ہے اور اس میں واضح لکھا ہوا ہے کہ جو شخص یہاں تقریر کرے گا، اس کی ساری تقریر ریکارڈ ہوگی تاکہ پاکستان کے عوام سن سکیں کہ ان کے نمائندگان کیا کہتے ہیں۔ عوام ہی حتمی جج ہیں اور وہی پھر فیصلہ کرتے ہیں کہ ہمارا نمائندہ اسمبلی میں کیا کہتا تھا۔ دوسری بات یہ ہے کہ ان تقاریر میں قوموں کی تاریخ محفوظ رہتی ہے۔ کوئی سننا چاہے یا کوئی ریسرچ کرنا چاہے؛ کوئی شیخ مجیب الرحمان کی تقریر سننا چاہے تو یہاں پڑی ہے، کوئی نوابزادہ نصر اللہ خان کی تقریر سننا چاہے تو یہاں پڑی ہے، خان عبدالغفار خان کی تقریر جو انہوں نے پہلی آئین ساز اسمبلی میں کی تھی، تو وہ بھی یہاں پڑی ہے۔ اب یہاں ایک نیا تماشہ شروع ہوا ہے، اسی لیے میں نے اس بدبخت کو 'حوالدار سپیکر' کہا تھا۔ وہ کہتے ہیں کہ میں ممبران کا کنڈکٹ دیکھوں گا، Who the hell are you? (آپ ہوتے کون ہیں؟)۔ کنڈکٹ تو قوانین کی کتاب کا نام ہے۔ جو ان قوانین سے باہر نکلے گا، وہ خود کٹ جائے گا۔ کل یہاں ہمارے ساتھیوں نے جو باتیں کی ہیں، ان میں ایک لفظ بھی نہ ملک کے خلاف تھا اور نہ کسی کے خلاف۔ انہوں نے محض اپنے ساتھیوں کے حوالے سے بات کی کہ ہمارے فلاں فلاں ایم این اے صاحبان جیل میں ہیں، فلاں ایم این اے کا پروڈکشن آرڈر جاری ہوا ہے اور فلاں کا نہیں ہوا۔ لیکن ان کی یہ باتیں بھی کارروائی سے کاٹ دی جاتی ہیں۔ میں نے خود کل جو بات کی تھی، اس کا ایک لفظ بھی میں نے غلط نہیں کہا تھا۔ میں نے 10 ایم این ایز کے نام لیے تھے، اور ان میں ان ایم این ایز کے نام شامل نہیں تھے۔ میں نے دس ایم این ایز کے نام لیے تھے، ان میں ان ایم این ایز کے نام شامل نہیں تھے جن کے بارے میں مجھے نہیں بتایا گیا تھا کہ ان کے پروڈکشن آرڈرز جاری ہوئے ہیں؛ فلاں کے ہوئے ہیں، موسیٰ خیل کے ہوئے ہیں، فلاں کے ہوئے ہیں۔ عادل بازئی کے نہیں ہوئے، فلاں دوست کے نہیں ہوئے، اور وزیرستان کے فلاں ممبر کے نہیں ہوئے۔

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 7

صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے ان خیالات کا اظہار برلن میں جرمن صدر فرینک والٹر شٹائن مائر سے ملاقات کے دوران کیا۔ صدر آصف علی زرداری نے جرمن صدر کا دورے کی دعوت دینے اور اپنے وفد کے پرتپاک استقبال اور مہمان نوازی پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ دورہ جرمنی کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مزید گہرا کرنے کے عزم کا عکاس ہے۔ انہوں نے اس امر کا اظہار کیا کہ پاکستان مسلسل تعمیری روابط کے ذریعے موجودہ تعلقات کو مزید مضبوط، منظم اور باہمی مفاد پر مبنی شراکت داری میں تبدیل کرنے کے لیے تیار ہے۔ صدر مملکت نے اس اہم دورے کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ 23 سال کے وقفے کے بعد ہورہا ہے جو دونوں ممالک کے دوطرفہ تعلقات میں ایک اہم باب کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال پاکستان اور جرمنی کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75ویں سالگرہ بھی منائی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جرمنی کو یورپ میں اپنا اہم شراکت دار سمجھتا ہے اور خواتین کو بااختیار بنانے، سماجی تحفظ اور انسانی ترقی کے شعبوں میں جرمنی کی معاونت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان روایتی شعبوں سے آگے بڑھتے ہوئے جرمنی کے ساتھ سائنسی ترقی، صحت عامہ، تعلیم، فنی تربیت، ٹیکنالوجی کے فروغ، تجارت و سرمایہ کاری، زراعت، کاروبار و صنعت اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کی صلاحیت بڑھانے سمیت مختلف شعبوں میں جدید اور باہمی مفاد پر مبنی تعاون کو وسعت دینے کے لیے تیار ہے۔ اس مقصد کے لیے حکومتی سطح، کاروباری اداروں اور ماہرین کے درمیان روابط کو مزید فروغ دیا جائے گا۔

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 8

آصف علی زرداری کا وزارت دفاع آمد پر استقبال کیا۔ اس موقع پر صدر مملکت آصف علی زرداری کو گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ تقریب میں دونوں ممالک کے قومی ترانے بجائے گئے۔ صدر مملکت نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر صدر مملکت اور جرمن صدر کے درمیان خوشگوار جملوں کا تبادلہ بھی ہوا۔ دونوں سربراہان مملکت نے اپنے اپنے وفود کا تعارف کرایا۔ صدر مملکت جرمنی کے صدر فرینک والٹر شٹائن مائر کی دعوت پر جرمنی کا دورہ کر رہے ہیں۔ اس موقع پر صدر مملکت جرمنی کے صدر اور اعلیٰ حکومتی عہدیداران سے ملاقات کریں گے جن میں دوطرفہ تعلقات، علاقائی و عالمی صورتحال، معاشی اور تجارتی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال ہو گا۔ واضح رہے کہ رواں سال دونوں ممالک سفارتی تعلقات کے قیام کی 75ویں سالگرہ بھی منا رہے ہیں۔ صدر آصف علی زرداری کا دورہ جرمنی دوطرفہ تعلقات اور مختلف شعبوں میں باہمی اشتراک کے فروغ کو نئی جہت دینے کی جانب معاون ثابت ہوگا۔

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 9

ملک کی بیرونی مالی ضروریات میں اضافے کا بھی خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کو رواں مالی سال کے دوران معاشی ترقی کی رفتار برقرار رکھنے، مہنگائی پر قابو پانے اور بیرونی ادائیگیوں کے توازن کو مستحکم رکھنے جیسے اہم چیلنجز کا سامنا رہے گا۔ حکومت نے رواں مالی سال کے لیے معاشی ترقی کی شرح کا ہدف 4 فیصد مقرر کیا ہے، تاہم آئی ایم ایف کی پیش گوئی اس ہدف سے کم ہے۔ مہنگائی میں اضافے کا خدشہ، شرح سود بڑھانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، آئی ایم ایف کے مطابق پاکستان میں مہنگائی کی شرح 9.9 فیصد تک پہنچنے کا امکان ہے، جبکہ رپورٹ میں اگست کے دوران سالانہ مہنگائی کی شرح 11.1 فیصد بتائی گئی ہے۔ مہنگائی میں اضافے کے خدشات کے پیش نظر قیمتوں کو قابو میں رکھنے کے لیے مالیاتی پالیسی مزید سخت کرنے اور شرح سود میں اضافے کی ضرورت پیش آسکتی ہے۔ مہنگائی میں مسلسل اضافے سے عوام کی قوت خرید متاثر ہونے اور گھریلو اخراجات میں دباؤ برقرار رہنے کا خدشہ ہے۔ بالخصوص اشیائے ضروریہ، توانائی اور دیگر بنیادی اخراجات میں اضافہ عام شہریوں کے لیے معاشی مشکلات بڑھا سکتا ہے۔ رپورٹ میں پاکستان کی بیرونی مالی صورتحال کے حوالے سے بھی تشویش ظاہر کی گئی ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق درآمدات میں اضافے اور ترسیلات زر کی رفتار میں سست روی کے باعث ملک کا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 4.5 ارب ڈالر تک پہنچ سکتا ہے، جبکہ حکومت نے اس خسارے کا تخمینہ تقریباً 2.5 ارب ڈالر لگایا ہے۔ رپورٹ کے تخمینوں کے مطابق رواں مالی سال پاکستان کی درآمدات 70 ارب ڈالر جبکہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے ترسیلات زر 45.5 ارب ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے۔ درآمدات اور بیرونی ادائیگیوں میں اضافے کی صورت میں زرمبادلہ کے ذخائر پر دباؤ بڑھ سکتا ہے۔ آئی ایم ایف کی رپورٹ کے مطابق پاکستان کی مجموعی بیرونی مالی ضروریات مجموعی ملکی پیداوار (جی ڈی پی) کے 22 سے 25 فیصد تک رہنے کا امکان ہے۔ اس صورت حال میں بیرونی قرضوں کی ادائیگیوں، درآمدی ضروریات اور زرمبادلہ کے ذخائر کو مناسب سطح پر برقرار رکھنے کے لیے مالی وسائل کی دستیابی اہم ہوگی۔ رپورٹ میں برآمدی شعبے کی کارکردگی پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ برآمدات میں خاطر خواہ بہتری نہ آنے کی صورت میں بیرونی ادائیگیوں کے توازن کو بہتر بنانا مزید مشکل ہوسکتا ہے۔ آئی ایم ایف نے زرمبادلہ کے ذخائر کو محفوظ رکھنے اور بیرونی مالی دباؤ سے نمٹنے کے لیے شرح مبادلہ میں لچک کو ضروری قرار دیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کو بیرونی مالی ضروریات پوری کرنے، ادائیگیوں کے توازن کو بہتر بنانے اور زرمبادلہ کے ذخائر مستحکم رکھنے کے لیے مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے۔ معاشی ماہرین کے لیے یہ صورت حال اس امر کی اہمیت اجاگر کرتی ہے کہ معاشی استحکام کے ساتھ پیداواری شعبوں کی ترقی، برآمدات میں اضافہ، سرمایہ کاری کا فروغ اور مہنگائی پر قابو پانے کے لیے مربوط حکمت عملی اختیار کی جائے۔ آئی ایم ایف کی پیش گوئیاں پاکستان کی معیشت کو درپیش ممکنہ چیلنجز کی نشاندہی کرتی ہیں۔ آئندہ مہینوں میں معاشی ترقی، مہنگائی، درآمدات، ترسیلات زر اور زرمبادلہ کے ذخائر کی صورت حال اس بات کا تعین کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی کہ ملک بیرونی مالی دباؤ سے کس حد تک نمٹ پاتا ہے۔

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 10

ٹی وی کے مطابق کینیڈین فورسز کے ملٹری پولیس گروپ کی سربراہ بریگیڈیئر جنرل ونیسا ہنراہن نے صحافیوں کو بتایا کہ ہفتے کے روز ڈین رائٹ فوجی اڈے پر گرینیڈ لانچر کی فائرنگ کی مشق کے دوران آگ بھڑکی۔ تیز ہواؤں نے شعلوں کو فوجی اڈے کے مختلف حصوں تک پھیلا دیا۔ ان کے مطابق ہوا کی سمت اور رفتار میں تبدیلی سے آگ کی شدت میں نمایاں اضافہ ہوا اور شعلے تربیتی علاقے تک پہنچ گئے۔ چونکہ آگ ایسے حصے میں پھیلی جو فائرنگ کی مشقوں کے باعث مستقل خطرناک علاقہ قرار دیا گیا تھا، اس لیے فائر فائٹرز براہ راست وہاں پہنچ کر آگ بجھانے کی کارروائی نہیں کر سکے۔ رپورٹ کے مطابق تھرڈ بٹالین، پرنسس پیٹریشیا کی کینیڈین لائٹ انفنٹری کی چارلی کمپنی کے اہلکار شدید نوعیت کی جنگی تربیت میں مصروف تھے۔ تقریباً 84 فوجیوں کو دو گروپوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔ ایک گروپ گرینیڈ فائرنگ کی رینج میں جبکہ دوسرا فرضی دشمن کے ٹھکانوں پر حملے کی مشق کر رہا تھا۔ آگ پھیلتے ہوئے دوسرے تربیتی علاقے تک بھی پہنچ گئی۔ واقعے میں چار فوجی جان سے گئے جبکہ 39 زخمی ہوئے۔ ان میں سے 27 کو اسپتال منتقل کرنا پڑا۔ اس واقعے کو کینیڈا کی فوج کے لیے امن کے دور کے سنگین ترین سانحات میں شمار کیا جا رہا ہے۔ حادثے میں متاثر ہونے والے فوجی اور ریزرو اہلکار لٹویا میں مجوزہ تعیناتی سے پہلے تربیتی مشقوں میں حصہ لے رہے تھے۔ کینیڈین فوج کا لٹویا میں نیٹو کے تحت ایک بڑا بین الاقوامی فوجی آپریشن جاری ہے۔ ڈین رائٹ فوجی اڈہ کینیڈین مسلح افواج کے بڑے تربیتی مراکز میں شامل ہے، جہاں نیٹو کے مختلف رکن ممالک کے فوجی بھی مشقیں کرتے ہیں۔

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 11

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے پیٹرولیم لیوی، مہنگائی، گیس کی لوڈشیڈنگ، زمینوں پر قبضوں اور شہری ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر پر حکومتوں کو تنقید کا نشانہ بنایا اور اعلان کیا کہ جماعت اسلامی پیٹرولیم لیوی کے خلاف احتجاجی تحریک کو آگے بڑھاتے ہوئے اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کی تیاری کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے زیرانتظام ٹاؤنز میں ترقیاتی کام جاری ہیں اور ٹاؤن چیئرمین دستیاب اختیارات سے بڑھ کر عوام کی خدمت کررہے ہیں، تاہم ان کے مطابق کراچی کے میئر نے اختیارات روک رکھے ہیں، جس کے باعث شہری مسائل کے حل میں رکاوٹیں پیدا ہورہی ہیں۔ انہوں نے ٹاؤن چیئرمین محمد یوسف کی مستقل ٹاؤن کے لیے کوششوں کو بھی سراہا۔ امیر جماعت اسلامی نے پیٹرولیم لیوی کو عوام پر اضافی مالی بوجھ قرار دیتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی طویل عرصے سے اس ٹیکس کے خلاف جدوجہد کررہی ہے اور اس سلسلے میں احتجاجی دھرنے بھی دیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ڈھائی کروڑ افراد موٹر سائیکل استعمال کرتے ہیں

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 12

وفروخت پر ٹیکسوں اور دیگر اخراجات کے باعث لین دین کی لاگت میں اضافہ ہوا تھا جس سے مارکیٹ کی سرگرمیاں متاثر ہورہی تھیں۔ حکومت نے اس صورتحال کے پیش نظر متعلقہ ٹیکسوں کی شرح میں کمی کی ہے تاکہ جائیداد کی خرید وفروخت میں سہولت پیدا کی جاسکے اور مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی معاشی ٹیم تعمیراتی شعبے کے لیے جامع پیکج پر کام کر رہی ہے جس میں رئیل معیشت کا حصہ بننے والی تعمیراتی کمپنیوں کے مسائل حل کرنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ اس ضمن میں مالی ضمانتوں، کولیٹرل کی شرائط اور سرکاری خریداری کے طریقہ کار میں بہتری سمیت کاروباری عمل کو آسان اور شفاف بنانے کے اقدامات زیرغور ہیں۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ حکومت کی جانب سے شروع کی گئی اپنا گھر ہاؤسنگ سکیم کے تحت اہل پاکستانی شہری پانچ فیصد شرح سود پر ایک کروڑ روپے تک قرض حاصل کر سکتے ہیں۔ اس سکیم کا مقصد محدود وسائل اور بچت رکھنے والے افراد کو اپنا گھر خریدنے یا تعمیر کرنے میں سہولت فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سکیم کے تحت تقریباً 100 ارب روپے کے قرضوں کی منظوری دی جا چکی ہے، جبکہ تقریباً 7 ارب روپے تقسیم کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس اقدام سے تعمیراتی اور رئیل اسٹیٹ کے شعبوں میں سرگرمیوں کو فروغ ملے گا اور ان سے منسلک دیگر صنعتوں میں بھی روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ وزیرمملکت نے کہا کہ حکومت تعمیراتی شعبے میں فنانسنگ کی سہولیات بہتر بنانے اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے کے اقدامات کررہی ہے تاکہ رئیل معیشت کو وسعت دی جا سکے اور کاروباری سرگرمیوں میں اضافہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لیے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کو مزید پرکشش بنایا گیا ہے، جس کے ذریعے وہ پاکستان میں رقوم منتقل کرنے اور سرمایہ کاری کرنے کے علاوہ مقررہ شرائط کے تحت اپنی رقوم واپس منتقل کرنے کی سہولت بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ حکومت کا مقصد تعمیراتی شعبے میں سرمایہ کاری کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنا، کاروباری عمل کو آسان بنانا اور معیشت کے مختلف شعبوں میں ترقی کے نئے مواقع پیدا کرنا ہے۔ سینیٹر کامران مرتضیٰ کے سپر ٹیکس کے اثرات سے متعلق سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر مملکت نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ سپر ٹیکس کاروباری طبقے پر بھاری بوجھ رہا ہے اور حکومت بھی اس حقیقت کو تسلیم کرتی ہے کہ اس بوجھ کو کم ہونا چاہیے۔

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 13

محمد حنیف عباسی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور غیر معمولی بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیا ہے۔ وفاقی وزیر نے اپنے بیان میں واضح کیا کہ وطن عزیز کے دفاع اور پائیدار امن وسلامتی کے قیام کے لیے سکیورٹی فورسز کی لازوال قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام کے خلاف رچی جانے والی ہر سازش کو اسی عزم، جرات اور بہادری کے ساتھ ناکام بنایا جاتا رہے گا۔

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 14

منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کی محنت، لگن، عزم اور قربانیوں کو بھی فراموش نہیں کیا جاسکتا، متعدد پولیو ورکرز نے ملک کو پولیو سے پاک کرنے کے عظیم مقصد کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے، ان کی خدمات پاکستان کی پولیو کے خاتمے کی جدوجہد کا ایک اہم اور ناقابل فراموش حصہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ترقیاتی شراکت دار گزشتہ کئی دہائیوں سے پولیو کے خاتمے کے لئے تکنیکی مہارت اور مالی معاونت فراہم کر رہے ہیں جس پر پاکستان ان کا شکر گزار ہے۔ وزیر مملکت نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان میں فرائض انجام دینے والے فرنٹ لائن پولیو ورکرز کو روزانہ کی بنیاد پر درپیش مشکل حالات، چیلنجز اور رکاوٹوں کو سمجھنا بھی ضروری ہے، پاکستان میں پولیو کے خاتمے کی مہم ایسے مخصوص اور دشوار حالات میں جاری ہے جو دنیا کے کئی دیگر حصوں سے مختلف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ورکرز اپنی محنت، لگن اور غیر متزلزل عزم کے ساتھ قومی فریضہ انجام دے رہے ہیں اور ان کی خدمات ملک کو پولیو سے پاک بنانے کی کوششوں میں کلیدی اہمیت رکھتی ہیں۔ ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان پولیو کے مکمل خاتمے تک اپنی کوششیں جاری رکھے گا اور ملک کو پولیو سے پاک بنانے کے قومی ہدف کے حصول کے لئے پرعزم ہے۔

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 15

علاقائی اور عالمی پیش رفت کا جائزہ لینے کے ساتھ مختلف بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور مصر کے وزرائے خارجہ پر مشتمل آر فور اجلاس استنبول میں منعقد ہوگا، جس میں خطے کی صورت حال اور اہم عالمی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ ترجمان نے بتایا کہ آرفور پلس ای تھری اجلاس میں برطانیہ، جرمنی اور فرانس سمیت سات ممالک کے وزرائے خارجہ شرکت کریں گے۔ اجلاس کا مقصد اہم علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال اور شریک ممالک کے درمیان نقطہ نظر کے تبادلے کے لیے موقع فراہم کرنا ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق استنبول میں ہونے والے ان اہم اجلاسوں کے دوران وزرائے خارجہ کو علاقائی و عالمی صورت حال پر اپنے مؤقف کے اظہار، باہمی مشاورت اور اہم پیش رفت پر تبادلہ خیال کا موقع ملے گا۔

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 16

پاکستان کے معاشی اصلاحاتی ایجنڈے، استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب منتقلی اور سرمایہ کاری و نجی شعبے کی سرگرمیوں کو فروغ دینے کی ترجیحات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مسٹر سندیپ مہاجن نے پاکستان میں معاشی استحکام کی بحالی پر مبارکباد دی اور علاقائی تنازعے کے نتیجے میں پیدا ہونے والے حالیہ بحران سے حکومت کے مؤثر طور پر نمٹنے کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ معاشی استحکام کی کوششوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مالیاتی تحفظات اور بروقت پالیسی اقدامات نے پاکستان کو بیرونی دباؤ سے نمٹنے میں مدد دی۔ ورلڈ بینک کے نمائندوں نے ان کامیابیوں کو برقرار رکھنے کیلئے اصلاحات کا تسلسل اور مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ حکومت کی ترجیح معاشی استحکام کو پائیدار بنیادوں پر مضبوط بنانا اور اسے پائیدار، سرمایہ کاری اور برآمدات پر مبنی ترقی میں تبدیل کرنا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان نے حال ہی میں 3 ارب امریکی ڈالر کے یورو بانڈز جاری کیے ہیں، جن کی مدت ادائیگی پانچ اور دس سال ہے، جس کے ذریعے عالمی سرمایہ منڈیوں تک دوبارہ رسائی حاصل ہوئی ہے۔ انہوں نے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ میں مزید بہتری کے لیے پیش رفت کی راہ ہموار کرنے، سرمایہ کاروں کے اعتماد کو مضبوط بنانے اور خودمختار کریڈٹ پروفائل بہتر کرنے کی اہمیت بھی اجاگر کی۔ وزیر خزانہ نے ایک قابل اعتماد عبوری لائحہ عمل کی اہمیت پر زور دیا، جو مالیاتی نظم وضبط برقرار رکھے، بیرونی شعبے کی کمزوریوں سے نمٹنے اور نجی شعبے کی سرمایہ کاری پر مبنی ذمہ دارانہ اور پائیدار ترقی کی بنیادیں مضبوط بنانے میں معاون ہو۔ اس ضمن میں بیرونی خطرات کے مؤثر انتظام اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کو تقویت دینے کے لیے مالیاتی فریم ورک اور پالیسیوں کی ساکھ کو بہتر بنانے کے حوالے سے بین الاقوامی تجربات سے استفادے پر بھی گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں پائیدار معاشی پیش رفت کے لیے پالیسیوں کے تسلسل کو بھی بنیادی اہمیت کا حامل قرار دیا گیا۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ سرمایہ کاری اور پیداواری صلاحیت کا انحصار قابل پیش گوئی پالیسی ماحول اور پالیسیوں پر مستقل عملدرآمد پر ہے۔ وزیر خزانہ اور ورلڈ بینک کے نمائندوں نے حکومت کے معاشی ترقی اور روزگار کے ایجنڈے پر بھی تبادلہ خیال کیا جس میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری بڑھانے، ضابطہ جاتی ماحول بہتر بنانے اور انفراسٹرکچر کے لیے مالی وسائل متحرک کرنے کے مواقع شامل تھے۔ گفتگو میں نجکاری، واضح ضابطہ جاتی فریم ورک اور نجکاری کے بعد قابل اعتماد انتظامات کی اہمیت، نیز موزوں مالیاتی ڈھانچوں اور ترقیاتی شراکت داروں کے تعاون سے انفراسٹرکچر کے منصوبے تیار کرنے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ دونوں جانب سے پاکستان اور ورلڈ بینک کے درمیان مسلسل تعاون کی اہمیت کا اعادہ کیا گیا۔ اس تعاون کا مشترکہ مقصد معاشی استحکام کو برقرار رکھنا، ساختی اصلاحات کو آگے بڑھانا، پالیسیوں کے تسلسل کو مضبوط بنانا اور اصلاحات کے ثمرات کو سرمایہ کاری، روزگار اور عوام کے لیے بہتر معاشی مواقع میں تبدیل کرنا ہے۔

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 17

باضابطہ ہدایات جاری کردی ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ بجلی چوری کی روک تھام بلاشبہ قومی ترجیح ہے لیکن بے گناہ شہریوں پر من مانا بوجھ ڈالنے کی اجازت ہرگز نہیں دی جاسکتی۔ اس فریم ورک کے تحت فیلڈ عملے کے صوابدیدی اختیارات کو مکمل طور پر ضابطے کا پابند بنایا جارہا ہے تاکہ عوام کو تحفظ ملے اور ساتھ ہی ساتھ بجلی چوری کے خلاف ایمانداری سے فرائض انجام دینے والے افسران کے راستے میں بھی کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ وفاقی وزیر کی ہدایات کی روشنی میں پاور ڈویژن تمام ڈسکوز کو پابند کررہی ہے کہ اب ڈیٹیکشن بلنگ صرف اور صرف پی آئی ٹی سی کے مرکزی آن لائن پورٹل کے ذریعے ہی عمل میں لائی جائے گی، فیلڈ عملے یا ایس ڈی اوز کی جانب سے دستی اور من مانے ڈیٹیکشن بل جاری کرنے پر مکمل پابندی عائد کردی گئی ہے۔ مینوئل طریقے سے بل ڈالنے کے عمل کو باضابطہ طور پر سنگین مس کنڈکٹ تصور کیا جائے گا جس پر متعلقہ افسران واہلکاروں کے خلاف سخت انضباطی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے بڑی سزائیں دی جائیں گی۔ اس فریم ورک کے تحت کنزیومر سروس مینوئل میں بھی جامع ترامیم کی تجاویز آئندہ کچھ دنوں میں پیش کی جائیں گی تاکہ ہر اقدام کو مخصوص اور واضح مدت کا پابند بنایا جاسکے۔ نئے فریم ورک کے تحت خراب یا جلے ہوئے میٹرز کو فوری طور پر یا زیادہ سے زیادہ دو بلنگ سائیکلز کے اندر تبدیل کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے جبکہ اس دوران اوسط بلنگ کا بوجھ بھی صرف دو ماہ تک ہی محدود رہے گا۔ میٹر کی رفتار درست یا تیز ثابت ہونے کی صورت میں ریکوری یا کریڈٹ ایڈجسٹمنٹ کو سختی کے ساتھ پچھلے دو بلنگ سائیکلز تک محدود رکھا جاسکے گا۔ اسی طرح ڈیٹیکشن بلنگ کے دوران بھی واضح ضابطے میں لاتے ہوئے غیر قانونی استعمال پر عام صارفین کے لیے ڈیٹیکشن بل کا دورانیہ تین بلنگ سائیکلز مقرر کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ رجسٹرڈ صارفین کیلئے ڈیٹیکشن کی زیادہ سے زیادہ حد چھ ماہ جبکہ غیر رجسٹرڈ صارفین کے لیے بارہ ماہ تک محدود کی جائے گی۔ اصلاحاتی نظام کے تحت ڈسکوز کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور ان کی کسٹمر سروسز کمیٹیوں کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ ہر ماہ ڈیٹیکشن بلوں کی درستگی، شفافیت اور جائز ریکوری کا خود باقاعدگی سے تفصیلی جائزہ لیں گی۔ وفاقی وزیر سردار اویس احمد خان لغاری نے عزم کا اعادہ کیا ہے کہ حکومت کا مقصد بجلی کے شعبے کو صارف دوست بنانا اور ہر سطح پر مکمل جوابدہی کو یقینی بنانا ہے۔ صارفین کے حقوق کا تحفظ اولین ترجیح ہے اور کسی کو بھی قانون اور قواعد وضوابط سے بالاتر ہو کر عوام کا معاشی استحصال کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 18

سکیورٹی صورتحال، انسداد دہشت گردی کی جاری کارروائیوں، بارڈر مینجمنٹ کے اقدامات اور صوبے میں تعینات فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں پر بریفنگ دی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے افسران اور جوانوں کے اعلیٰ حوصلے اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے انہیں خطرات کا مؤثر طریقے سے مقابلہ کرنے کے لیے چوکس رہنے اور آپریشنل تیاری کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہم اسپانسرڈ دہشت گرد تنظیموں کے خلاف مہم کو بھرپور طریقے سے جاری رکھیں گے اور وہ جہاں کہیں بھی ہوں گے انہیں بھرپور انداز میں نشانہ بنائیں گے۔ سکیورٹی فورسز کے شہدا اور غازیوں سمیت پاکستانی عوام کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اس بات کا اعادہ کیا کہ عوام کی حمایت سے پاکستان دہشت گردوں اور ان کے بگڑے ہوئے نظریات کو ضرور شکست دے گا۔ قبل ازیں پشاور آمد پر کور کمانڈر پشاور نے آرمی چیف کا استقبال کیا۔ عوام کی حمایت سے پاکستان دہشت گردوں اور ان کے بگڑے ہوئے نظریات کو ضرور شکست دے گا۔ آرمی چیف وچیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کور ہیڈکوارٹرز، پشاور کا دورہ کیا، جہاں انہیں موجودہ سکیورٹی صورتحال، انسداد دہشت گردی کی جاری کارروائیوں، بارڈر مینجمنٹ کے اقدامات اور صوبے میں تعینات فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں پر بریفنگ دی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے افسران اور دستوں کے اعلیٰ حوصلے اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے انہیں خطرات کا مؤثر طریقے سے مقابلہ کرنے کے لیے چوکس رہنے اور آپریشنل تیاری کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے کی ہدایت کی، انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہم سپانسرڈ دہشت گرد تنظیموں کے خلاف مہم کو بھرپور طریقے سے جاری رکھیں گے اور وہ جہاں کہیں بھی ہوں گے انہیں بھرپور انداز میں نشانہ بنائیں گے، سکیورٹی فورسز کے شہدا اور غازیوں سمیت پاکستانی عوام کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اس بات کا اعادہ کیا کہ عوام کی حمایت سے پاکستان دہشت گردوں اور ان کے بگڑے ہوئے نظریات کو ضرور شکست دے گا، قبل ازیں پشاور آمد پر کور کمانڈر پشاور نے ان کا استقبال کیا۔

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 19

الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ حکومت طرابلس میں قائم ہے۔ لیبیا اور ترکیہ کے درمیان سمندری حدود کے معاہدے کے لیے ہونے والی مفاہمتی یادداشت ممکنہ طور پر مشرقی بحر متوسط کے گیس سے مالا مال حصوں سے ہے۔ ان گیس وسائل کے بارے میں یونان کا دعویٰ ہے کہ یہ اس کی ملکیت کا علاقہ ہے۔ اس مفاہمتی یادداشت کے سامنے آنے پر ایتھنز نے اپنے اعتراضات کا اعادہ کیا ہے۔ قبرص نے بھی اس معاہدے پر اعتراض کیا ہے۔ یورپی یونین نے بھی اپنے دو رکن ممالک کے موقف کی حمایت کی ہے۔ یاد رہے اسرائیل یونان اور قبرص دونوں کے قریب ہے۔ اس کی وزارت خارجہ نے ترکیہ اور لیبیا کے درمیان اس معاہدے کی سخت مذمت کی ہے۔ لیبیا کے ایوان نمائندگان نے بھی اس معاہدے کی توثیق کردی ہے۔

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 20

تاریخ کا روشن باب ہیں۔ بیگم نصرت بھٹو نے مشکل ترین حالات میں بھی جمہوریت اور عوامی حقوق کے لیے جدوجہد جاری رکھی۔ انہوں نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو کی جدوجہد اور قربانیاں آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی کی جمہوری جدوجہد میں بیگم نصرت بھٹو کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ نصرت بھٹو کا عزم، حوصلہ اور جمہوریت سے وابستگی ہماری سیاسی تاریخ کا قیمتی سرمایہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نصرت بھٹو کے درجات بلند فرمائے اور انہیں جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے آمین

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 21

رکنی بنچ کا حصہ ہوں گے، وفاقی آئینی عدالت نے مقدمے کے فریقین کو نوٹس جاری کر دیا۔ جمعیت علماء اسلام نے صدف یاسمین کو مخصوص نشست کے لیے نامزد کیا تھا، صدف یاسمین کے کاغذات نامزدگی جمع نہ کرانے پر حنا بی بی نے رکن منتخب ہونا تھا، الیکشن کمیشن نے حنا بی بی کے بجائے صدف احسان کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا تھا، جمعیت علماء اسلام نے صدف احسان کا نوٹیفکیشن چیلنج کر رکھا ہے۔

بقیہ نعرۂ حق کوئٹہ 22

